Paper Code :- CC-12 / AR-303

Topic :- Tahreek Appolo

Dr. Shabnam Fatma

"تحریک اپولو"

چنانچہ اس تحریک کا سب سے بڑا اثر یہی ہوا کہ اس تحریک نے ہر مکتب فکر کے فنکاروں کی خدمات کو اپنے اندر جمع کرکے مختلف نظریۂ فکر کے ادیبوں کو ایک مقام پر لا کھڑا کیا اور شعراء و ادباء نیز ادب پسند جماعتوں نے اس سے وابستگی کو بھی ادب کی ایک خدمت تصور کیا۔ تحریک کی طرف سے ایک رسالہ بھی 'اپولو' کے نام سے جاری کیا گیا جو ہماری ادبی تاریخ میں اپنی نوعیت کا واحد

رسالہ تھا۔ جس نے شاعروں میں شعرگوئی کی نئی روح ڈال دی اور اس رسالہ کے ارد گرد ایسے شعراء کی تعداد مجتمع ہوگئی جن کا جدید عربی شاعری کی ترقی میں ایک نمایاں اثر ظاہر ہوا۔ اس رسالہ کے ذریعہ مغربی ادبیات کی تحریک و رجحانات کا بھی تعارف کرایا گیا۔ اس کا تنقیدی شعور بلند ہوا اور اس کے ذریعہ شعر و ادب کی تجدید کا جذبہ بیدار ہوا۔

لیکن بدقسمتی سے جدیدیت پسند ادیبوں اور قدیم ادب کے محافظ ادیبوں کے درمیان ادبی معرکے شروع ہوگئے۔ خصوصیت کے ساتھ ابو شادی اور ان کے نظریہ ادب کے حامیوں اور عقاد اور ان کے ہمنواؤں کے درمیان ایک نئی کشمکش پیدا ہوگئی۔ ابو شادی ان آپسی اختلافات کو دور کرنے کے لئے اپنے الزامات کا تین سالوں تک جواب دیتے رہے لیکن آخر میں مجبور ہوکر رسالہ بند کرنا پڑا۔